سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے راہول گاندھی کو کانگریس کے انتخابی منشور پر بحث کا چیالنج کیا۔

۲۔بی آر ایس کارگذار صدر اور سابق وزیر تارک راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی نے چھ ضمانتوں کی وعدے کے ساتھ عوام سے دغہ بازی کی ہے۔

۳۔بی آر ایس کو اس وقت ایک دھکہ لگا جب بھدراچلم کے رکن اسمبلی پلم وینکٹ راؤ با قاعدہ طور پر کانگریس میں شامل ہو گئے۔

۴۔الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ عام چناؤ 2024ء کے اعلان کے بعد صرف بیس دنوں میں سویدھا پورٹل پر انتخابی مہم کی اجازت کے لئے 73 ہزار سے زیادہ درخواستیں ملی ہیں۔

اور

۵۔تلنگانہ کے ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، ونپرتی، جوگولامبا گدوال میں اگلے 24 گھنٹوں تک کہیں کہیں شدید گرمی کا امکان ہے۔

☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کو اس وقت ایک اور دھکہ لگا جب بھدراچلم حلقہ کی نمائندگی کرنے والے رکن اسمبلی پلم وینکٹ راؤ آج با قاعدہ طور پر کانگریس پارٹی میں شامل ہو گئے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے پارٹی میں ان کا استقبال کیا۔ پچھلے سال ہونے والے اسمبلی چناؤ کے دوران وینکٹ راؤ سابقہ کھمم ضلع سے بی آر ایس امیدوار کی حیثیت سے کامیابی حاصل کرنے والے واحد لیڈر تھے۔ کانگریس نے 8 نشستیں حاصل کی تھیں، جبکہ سی پی آئی نے ایک سیٹ حاصل کی تھی۔ حال ہی میں بی آر ایس کے کئی ارکان کانگریس پارٹی میں شامل ہوئے ہیں۔ ان میں خیریت آباد اور اسٹیشن گھن پور کے بی آر ایس ارکان اسمبلی دانم ناگیندر، کڈیم سری ہری اور دوسرے اہم لیڈرس شامل ہیں۔

☆☆☆

ریاست کے ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، ونپرتی، جوگولمبا گدوال میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران بعض بعض مقامات پر گرمی کی لہر کا امکان ہے۔ میٹرولوجیکل سنٹر نے روزآنہ جاری کی جانے والی اپنی موسمیاتی رپورٹ میں یہ بات کہی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اگلے سات دنوں تک ریاست کے کئی ضلعوں میں بعض بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی اور بارش کا امکان ہے۔ اسی مدت کے دوران تلنگانہ کے دوسرے علاقوں میں بھی کہیں کہیں ہلکی سے اوسط بارش اور بوندہ باندی کا امکان ہے۔ ریاست کے کھمم ضلع میں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر گرمی کی لہر پائی گئی۔ اسی مدت کے دوران تلنگانہ میں ایک دو مقامات پر بارش ہوئی۔ سب سے زیادہ 43 ڈگری سلسیس درجہ حرارت کل راما گنڈم اور بھدراچلم میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر اور سابق وزیر تارک راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی نے چھ ضمانتوں کے نام پر عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ سوشیل میڈیا کے ایک پوسٹ میں راما راؤ نے کل کانگریس پارٹی کے توکوگوڑہ جلسہ عام پر ردِعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے تنقید

کانگریس کے ٹراک ریکارڈ پر تنقید کی اور کہا کہ پارٹی قائدین کی تقریریں جھوٹ کا پلندہ تھیں۔انہوں نے راہول گاندھی اور کانگریس پر اسمبلی اور پارلیمانی چناؤ کے دوران عوام کو دھوکہ دینے کا الزام لگایا اور کہا کہ وہ اپنے وعدوں کو عمل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔انہوں نے کانگریس دور میں تلنگانہ کی حالتِ زار کو نمایاں کیا اور کسانوں کی خودکشیوں، زرعی بحران، پانی کی قلت اور مختلف شعبوں کو درپیش معاشی جدوجہد کا حوالہ دیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے راہول گاندھی کو کانگریس کے انتخابی منشور کے بارے میں بحث کا چیلنج کیا۔ پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹر میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے راہول گاندھی کے دعوؤں پر تنقید اور سوال کیا کہ کیا تلنگانہ میں پارٹی کی حکومت بننے کے بعد تمام وعدے پورے کئے گئے۔انہوں نے راہول گاندھی کو اسمبلی چناؤ کے دوران عوام سے کئے گئے وعدوں پر بحث کا چیلنج کیا اور کہا کہ تلنگانہ کی عوام وضاحت چاہتے ہیں۔بی جے پی کے ریاستی صدر پسماندہ طبقات کے لئے مودی حکومت کے اقدامات کے برخلاف ریاست میں پسماندہ طبقات کو بااختیار بنانے کے کانگریس کے عہد پر سوال اٹھائے۔ریڈی نے کانگریس کو چیلنج کیا کہ وہ وعدے پورے کریں یا اپنے دعوؤں کو درست ٹھہرانے کے لئے بحث میں حصہ لیں۔ بی جے پی لیڈر کانگریس کو نہرو گاندھی خاندان کی پرائیوٹ لمیٹڈ کمپنی قرار دے کر رد کر دیا اور کہا کہ ملک کی عوام کو اب پارٹی کی بیان بازیوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

☆☆☆

حسینی علم پولیس اسٹیشن میں واقع کبوتر خانہ پولیس پکٹ میں ایک پولیس کانسٹیبل نے مبینہ طور پر اپنے سرویس ہتھیار سے خود کو گولی ماری۔مہلوک کی پہچان بالیشور کی حیثیت سے کی گئی جو تلنگانہ اسٹیٹ اسپیشل پولیس کانسٹیبل تھا اور ناگرکرنول ضلع کے لکشمی پورا چم پیٹ منڈل سے تعلق رکھتا تھا۔ساؤتھ زون کے ڈپٹی کمشنر پولیس سائی چیتنیا مقام پر پہنچے اور تحقیقات کی۔نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے عثمانیہ یونیورسٹی کے مردہ خانہ میں منتقل کیا گیا۔پولیس نے بتایا کہ ایک کیس درج کیا گیا اور تحقیقات جاری ہے۔

☆☆☆

خبریں اور نئے خیالات،نظریات،اقدامات اور اصلاحات کے مقصد سے ایک پریورتن چنتن کا کل نئی دہلی میں اہتمام کیا جائے گا۔یہ ایک تینوں فوجوں کی ایک کانفرنس ہے۔اس ایک روزہ مباحثہ کی صدارت چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان کریں گے۔یہ اپنے طرح کی پہلی کانفرنس ہے جس میں تینوں فوجی اداروں، محکمہ فوجی امور، ہیڈکوارٹرانیٹی گریٹیڈ ڈیفنس اسٹاف کے سربراہان حصہ لیں گے۔مختلف شعبوں کے عہدیدار اس موقع پر تجویزیں پیش کریں گے۔وزارتِ دفاع نے بتایا کہ ہندوستانی فوجیں مستقبل کی جنگوں کے لئے تیاری کے مقصد سے بڑے پیمانے پر تبدیلی کے دور سے گذر رہی ہے اور اس سلسلہ میں قدم اٹھائے جارہے ہیں۔

☆☆☆

صحت کا عالمی دن آج منایا جارہا ہے جس کا مقصد عالمی صحت بیداری پیدا کرنا ہے۔صحت کے عالمی ادارہ ڈبلیو ایچ او نے میری صحت میرا حق کو اِس سال کا تھیم قرار دیا تاکہ کم سے کم 4.5 بلین لوگوں کو لازمی صحت خدمات کی سنگین کمی کے مسئلہ کو نمایاں کیا جاسکے۔یہ تعداد

دنیا کی آبادی کا آدھے سے زیادہ حصہ ہے۔سب سے پہلے ڈبلیوایچ او نے 1950ء میں صحت کا علمی دن منایا تھا تاکہ تنظیم کے قیام کی یادمنائی جاسکے۔

☆☆☆

الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ عام چناؤ کے اعلان کے بعد سے صرف بیس دنوں میں سویدھا پورٹل پر 73 ہزار درخواستیں وصول ہوئیں۔ انتخابی مہم کی مدت کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے سویدھا پورٹل شروع کیا گیا ہے جو شفافیت کی طرف ایک قدم ہے۔اس مدت کے دوران سیاسی جماعتیں اورامیدوار ووٹرس تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ پورٹل ریلیوں کے اہتمام، عارضی دفتروں کو کھولنے، گھر گھر مہم، ویڈیو ویانس، ہیلی کاپٹرس، گاڑیوں کے پرمٹ، پمپلٹس کی تقسیم وغیرہ کے لئے اجازت حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔کمیشن نے کہا کہ 44 ہزار 600 سے زیادہ درخواستوں کو منظوری دی گئی ہے اور پہلے آنے والی درخواستوں کو ترجیح دی جارہی ہے تاکہ سیاسی جماعتوں اورامیدواروں کے لئے برابری کے موقع کو یقینی بنایا جاسکے۔کمیشن نے کہا کہ سویدھا پورٹل چناؤ سے نمٹنے کے معاملہ میں شفافیت کو بڑھاوادیتا ہے۔الیکشن کمیشن نے کہا کہ تقریباً 11 ہزار 200 درخواستوں کو رد کیا گیا جو جملہ درخواستوں کا 15 فیصد ہے اور 10 ہزار سے زیادہ درخواستوں کو اس لئے منسوخ کیا گیا کیونکہ وہ غیر کارکرد یا جعلی تھیں۔ باقی درخواستوں پر غور ہورہا ہے۔سب سے زیادہ 23 ہزار درخواستیں تاملناڈو سے وصول ہوئی ہیں جس کے بعد مغربی بنگال سے تقریباً 12 ہزار اور مدھیہ پردیش سے 10 ہزار درخواستیں آئی ہیں۔

☆☆☆

ایل این ٹی حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ نے اعلان کیا ہے کہ اسٹوڈنٹ میٹرو کارڈ 30 اپریل تک کارکرد ہوگا۔دوسرے کارڈ جیسے سوپر سیور ہالیڈے کارڈ، میٹرو اسٹوڈنٹ پاس پر بھی رعایتی کرائے اور دوسرے فائدے دئے جارہے ہیں۔جن سے روزانہ سفر کرنے والے مسافر فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔سوپر آفر پیک آور کا منگل کو اختتام عمل میں آیا۔میٹرو اسٹوڈنٹ کارڈ پہلی جولائی 2023ء کو شروع کیا گیا تھا۔اس کارڈ کے ذریعہ طالب علم 20 بار سفر کے بعد دس اضافی مفت سفر کرسکتے ہیں۔یہ تمام زونس کے لئے لاگو ہوا۔

☆☆☆

الیکشن کمیشن نے آنے والے چناؤ میں نوجوانوں اور شہری ووٹرس کی شرکت میں اضافہ کے لئے سوشیل میڈیا پر کئی انوکھی اور منفرد مہمات شروع کی ہیں۔الیکشن کمیشن نے ٹرننگ 18 اور یو آر دی ون جیسی مہم شروع کی جس میں نئی نسل کے لوگوں کو راغب کرنے کے لئے کئی پروگرام شروع کئے گئے ہیں۔ٹرننگ 18 مہم کا مقصد آنے والے چناؤ میں نوجوانوں کی شرکت کو بڑھانا ہے اور پچھلے انتخابات میں شہری عوام اور نوجوانوں میں لاپرواہی کے مسئلہ کو دور کرنا ہے۔دوسری طرف یو آر دی ون مہم کا مقصد انتخابی عمل میں مختلف فریقوں کے تعاون کو تسلیم کرنا اور ان کا جشن منانا ہے۔